**02-06-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں محمد عمار

---------------------------------

Music

---------------------------------

☆ BJP نے، اروناچل پردیش اسمبلی انتخابات میں زبردست کامیابی حاصل کی ہے۔ اُدھر سکم میں، ’’سکم کرانتی کاری مورچے‘‘ نے بھرپور اکثریت حاصل کی ہے۔

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے شدید گرمی اور سمندری طوفان کے بعد کی صورتحال اور دیگر بہت سے موضوعات پر میٹنگز کی ہیں۔

☆ دلی کی ایک عدالت نے، وزیراعلیٰ اروند کجریوال کو، مبینہ ایکسائز ڈیوٹی گھوٹالہ کیس میں، پانچ جون تک، عدالتی حراست میں بھیجا ہے۔

☆ تائیوان ایتھلیٹکس اوپن میں، بھارت نے سونے کے تین، چاندی کے تین اور کانسے کے ایک تمغے سمیت سات تمغے جیتے ہیں۔

☆ اور بھارتی مکے بازوں، Jaismine Lamboria اور Amit Pangal نے پیرس اولمپک میں جگہ بنا لی ہیں۔

---------------------------------

(Music)

---------------------------------

اب خبریں تفصیل سے

**Arunachal Result**

آج اروناچل پردیش میں، ریاستی انتخابات کے لیے ڈالے گئے ووٹوں کی گنتی کی گئی۔

بھارتیہ جنتا پارٹی BJP نے، ریاست میں 60 میں سے 46 سیٹیں جیت کر، اقتدار دوبارہ حاصل کر لیا ہے۔ BJP نے، 2019 کے اسمبلی انتخابات کے مقابلے مزید پانچ سیٹیں جیتی ہیں۔ بقیہ 14 سیٹیں مختلف سیاسی پارٹیوں نے حاصل کی ہیں۔ نیشنل پیپلز پارٹی نے، پانچ سیٹیں، NCP نے تین، پیپلز پارٹی آف اروناچل نے دو، کانگریس نے ایک اور آزاد امیدواروں نے تین سیٹیں حاصل کی ہیں۔

آج نتیجے کے اعلان کے بعد وزیراعلیٰ پیما کھانڈو نے ایک پریس کانفرنس میں کہا کہ ریاستی بھارتیہ جنتا پارٹی کے لیے، 60 میں سے 46 حلقوں میں کامیابی حاصل کرنا ایک تاریخی لمحہ ہے۔

انہوں نے BJP کو زبردست اکثریت کے ساتھ حمایت دے کر ایک بار پھر حکومت تشکیل دینے کا موقع فراہم کرنے پر عوام کا شکریہ ادا کیا۔ جب اُن سے پوچھا گیا کہ نئی حکومت میں ریاست کا وزیراعلیٰ کون ہوگا تو انہوں نے کہا کہ اگلے قائد کا فیصلہ، پارٹی ہائی کمان کرے گی۔

بعد میں دیر گئے، وزیراعلیٰ پیما کھانڈو نے اپنا استعفیٰ اروناچل پردیش کے گورنر کو پیش کیا۔ گورنر نے، استعفیٰ منظور کر لیا اور جناب کھانڈو اور وزیروں کی کونسل سے درخواست کی کہ وہ نئی حکومت کی حلف برداری تک اپنا کام کاج جاری رکھیں۔×

## PM Arunachal

وزیراعظم نریندر مودی نے اروناچل پردیش کے عوام کا شکریہ ادا کیا ہے، جنہوں نے ترقی کی سیاست کے لیے، متفق ہوکر ووٹ دیا ہے۔ وزیراعظم نے ریاست میں ایک بار پھر BJP پر اعتماد ظاہر کرنے پر اُن کا شکریہ ادا کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ اُن کی پارٹی، ریاست کی ترقی کے تئیں مزید جذبے کے ساتھ کام کرنا جاری رکھے گی۔ انہوں نے BJP کارکنوں کی محنت کو یہ کہتے ہوئے سراہا کہ جس طرح ریاست بھر میں اِن لوگوں نے کام کیا اور لوگوں سے رابطہ قائم کیا وہ قابل تحسین ہے۔×

## PM Sikkim Election

وزیراعظم اور سینئر BJP رہنما نریندر مودی نے آج ''سکم کرانتی کاری مورچہ'' اور سکم کے وزیراعلیٰ پریم سنگھ تمنگ کو، سکم اسمبلی انتخابات جیتنے پر مبارکباد دی ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ وہ سکم کی مزید ترقی کے لیے ریاستی سرکار کے ساتھ کام کرنے کے منتظر ہیں۔ انہوں نے سکم اسمبلی انتخاب میں BJP کارکنوں کی کوششوں کی تعریف کی۔ جناب مودی نے یہ بھی کہا کہ پارٹی، سکم کی ترقی اور عوام کی امنگوں کو پورا کرنے کی جانب کام کرنے کے لیے ہمیشہ پیش پیش رہے گی۔

## Lok Sabha Counting

لوک سبھا انتخابات کے ووٹوں کی گنتی منگل کو صبح آٹھ بجے شروع ہوگی۔ اُسی دن آندھرا پردیش اور اوڈیشہ کے اسمبلی چناؤ نیز مختلف اسمبلی حلقوں کے ضمنی چناؤ کی ووٹوں کی گنتی بھی کی جائے گی۔ انتخابی کمیشن نے کہا ہے کہ ووٹوں کی گنتی کے رجحانات اور نتیجے انتخابی کمیشن کی ویب سائٹ کے ساتھ ساتھ ووٹر ہیلپ لائن ایپ پر بھی دستیاب ہوں گے۔×

## Mizoram Counting Lok Sabha

میزورم میں اعلیٰ انتخابی افسر Madhup Vyas نے بتایا ہے کہ منگل کو لوک سبھا کی واحد میزورم سیٹ کے لیے ڈالے گئے ووٹوں کی گنتی سے متعلق سبھی انتظامات کر لیے گئے ہیں۔

آکاشوانی کے خبروں کے شعبے سے خصوصی بات چیت میں Madhup Vyas نے کہا کہ منگل کو ووٹوں کی گنتی کے لیے سبھی انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ووٹوں کی گنتی، ریاست کے 13 مرکزوں پر کی جائے گی۔ ریاست کے مختلف گنتی مرکزوں پر تقریباً چھ ہزار افسران اور عملے کے افراد تعینات کیے جائیں گے۔

جناب ویاس نے کہا کہ آئزال میں تین گنتی مرکز قائم کیے جائیں گے اور اس کے علاوہ سبھی ضلع صدر دفتروں میں گنتی کی جائے گی۔

گنتی کا یہ کام خوش اسلوبی اور پرامن طریقے سے کرائے جانے کے لیے تین سطحوں پر حفاظتی انتظامات کیے جائیں گے۔

میزورم میں، 19 اپریل کو پہلے مرحلے کے تحت واحد لوک سبھا سیٹ کے لیے ووٹ ڈالے گئے تھے اور یہاں 56 اعشاریہ آٹھ سات فیصد ووٹ ڈالے گئے تھے۔x

## PM Cyclone Meet

وزیراعظم نریندر مودی نے آج نئی دلّی میں سمندری طوفان ریمل کے بعد کی صورتحال کا جائزہ لینے کیلئے ایک میٹنگ کی صدارت کی۔ میٹنگ کے دوران وزیر اعظم کو متاثرہ ریاستوں پر سمندری طوفان کے اثرات سے متعلق جانکاری فراہم کی گئی۔ اس میٹنگ میں میزورم، آسام، منی پور، میگھالیہ اور تریپورہ میں سیلاب اور مٹی کے تودے کھسکنے کے سبب انسانی جانوں کی اتلاف اور گھروں اور املاک کو پہنچنے والے نقصانات کے بارے میں تبادلہ خیال کیا گیا۔ میٹنگ میں وزیر اعظم نے کہا کہ حکومت سمندری طوفان سے متاثرہ ریاستوں کو مکمل مدد فراہم کرنا جاری رکھے گی۔ انھوں نے وزارتِ داخلہ کو حالات کی مسلسل نگرانی کرنے اور باقاعدگی کے ساتھ معالے کا جائزہ لینے کی ہدایت دی تاکہ باز آبادکاری کیلئے ضروری مدد فراہم کی جاسکے۔

اس میٹنگ میں، وزیر اعظم کے پرنسپل سکریٹری، کابینہ سکریٹری، داخلہ سکریٹری، ارضیاتی سائنسز کی وزارت کے سکریٹری، NDRF کے ڈائریکٹر جنرل اور NDMA کے ممبر سکریٹری کے علاوہ وزیر اعظم کے دفتر اور متعلقہ وزارتوں کے دیگر سینئر افسران موجود تھے۔x

## Kejriwal Remand

دلی کی راؤز ایونیو عدالت نے آج، وزیراعلیٰ اروند کجریوال کو مبینہ ایکسائز ڈیوٹی گھوٹالے میں، کالے دھن کو جائز بنانے کے سلسلے میں پانچ جون تک کے لیے عدالتی حراست میں بھیج دیا ہے۔ عدالت کجریوال کو عدالتی حراست میں بھیجنے کے لیے ED کی درخواست پر سنوائی کر رہی ہے۔ یہ درخواست زیرالتوا تھی کیونکہ کجریوال عبوری ضمانت پر تھے۔ آج جب وہ راؤز ایونیو عدالت میں پیش ہوئے تو عدالت نے انہیں پانچ جون تک عدالتی حراست میں بھیج دیا۔

عدالت میں پیش ہونے سے پہلے، جناب کجریوال نے پارٹی رہنماؤں اور کارکنوں سے بات چیت کی اور عوام سے خطاب کیا۔
جناب کجریوال کو 21 مارچ کو ED نے گرفتار کیا تھا اور انہیں دس مئی کو عبوری ضمانت دی گئی تھی۔
سپریم کورٹ نے ان سے کہا تھا کہ وہ آج تہاڑ جیل میں خودسپردگی کر دیں۔×

## Haryana Governor Greetings

ہریانہ کے گورنر بندارو دتّا تریا نے آج، تلنگانہ کے یوم تاسیس پر ریاست کے عوام کو مبارکباد دی ہے اور نیک خواہشات پیش کی ہیں۔ جناب دتّا تریا نے کہا کہ تلنگانہ ریاست، کافی زیادہ جدوجہد اور قربانیوں کے بعد 2014 میں تشکیل دی گئی تھی۔ انہوں نے کہا کہ تلنگانہ ریاست طلبا، نوجوانوں، کسانوں، مزدوروں، فنکاروں، دانشوروں، تجارت پیشہ افراد اور سیاسی پارٹیوں کے رہنماؤں کی جدوجہد کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں اِس بات پر بہت خوش ہوں کہ تلنگانہ ریاست کی تشکیل کو دس سال ہو گئے ہیں۔ ریاست کی دسویں سالگرہ ، ریاستی سطح پر ایک بڑی تقریب کا انعقاد کر کے منائی جا رہی ہے، جس کے لیے میں نئی حکومت اور وزیراعلیٰ اے ریونت ریڈی کو مبارکباد دیتا ہوں×

## PM Telangana Statehood

وزیرِاعظم نریندر مودی نے آج تلنگانہ کے یومِ تاسیس کے موقع پر ریاست کے لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔
ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزیرِاعظم نے کہاکہ ملک کی ترقی میں تلنگانہ کے رول پر ہر بھارتی شہری کو بہت فخر ہے۔
جناب مودی نے کہا کہ یہ ریاست اپنی شاندار تاریخ اور نہایت متحرک ثقافت سے مالامال ہے۔×

## IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے نے کہا ہے کہ اگلے تین چار دن کے دوران شمال مشرقی بھارت اور ملک کے جنوبی خطے میں کہیں کہیں شدید اور کہیں بہت شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔
موسمیات محکمے نے شمال مغربی بھارت اور ملک کے مشرقی حصوں میں اگلے دو دن کے دوران دن کے درجۂ حرارت میں رفتہ رفتہ دو سے تین ڈگری سیلسیس کی گراوٹ آنے کی بھی پیش گوئی کی ہے، جبکہ وسطی بھارت میں اگلے پانچ دن کے دوران اِس طرح کی کیفیت کا امکان ہے۔
اِس کے ساتھ ساتھ موسمیات محکمے نے یہ بھی کہا ہے کہ دِلی، مشرقی مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ، بہار اور اوڈیشہ نیز اتراکھنڈ اور جھارکھنڈ کے کچھ حصوں میں شدید گرمی کے حالات کُل تک جاری رہنے کا امکان ہے۔ اُدھر مغربی راجستھان میں منگل اور بدھ کے روز شدید گرمی کے حالات رہیں گے۔×

## Germany Flood

جرمنی کے جنوبی حصہ میں شدید بارش کے بعد تباہ کن سیلاب کے مدنظر 600 سے زیادہ افراد کو ان کے

گھروں سے باہر نکال لیا گیا ہے۔ کئی دنوں کی موسلادھار بارش کی وجہ سے Donau، Neckar اور Guenz سمیت متعدد ندیوں میں پانی کی سطح میں اضافہ ہوگیا ہے، جس کے نتیجے میں ساحلی علاقوں اور شہروں کے بیشتر حصوں میں سیلاب کی صورتحال پیدا ہوگئی ہے۔ مقامی میڈیا نے خبر دی ہے کہ بہت سارے علاقوں میں پانی کی سطح اس صدی کی سب سے اونچی حد تک پہنچ گئی ہے۔ حکام کے مطابق، Bavaria کے دس ضلعوں میں ہنگامی صورتحال کا اعلان کیا ہے۔اور Neuburg-Schrobenhausen ضلع کے 670 سے زیادہ باشندوں کو باہر نکال لیا گیا ہے۔

سیلاب کے خطرے کے تناظر میں Baden-Wuerttemberg کے Meckenbeuren شہر کے تقریباً ایک ہزار تین سو افراد کو اپنے گھر خالی کردینے کی تاکید کی گئی ہے۔x

## India Cuba Assistance

بھارت نے کیوبا کیلئے انسانی ہمدردی کی بنیاد پر امداد بھیجی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ بھارت میں بنائے گئے دوا سازی کے نو اجزاء پر مشتمل 90 ٹن کی کھیپ Mundra بندرگاہ سے کیوبا کیلئے بھیجی گئی ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ اِس سے ضروری دوائیں تیار کرنے میں مدد ملے گی۔ جناب جیسوال نے زور دے کر کہا کہ اِس امداد سے دنیا کی فارمیسی کے طور پر بھارت کے رول کا اعادہ ہوتا ہے اور بھارت اور کیوبا کے درمیان باہمی تعلقات کے تیئیں ہمارے عہد کی عکاسی ہوتی ہے۔x

## Taiwan Athletics

تائیوان میں آج، تائیوان ایتھلیٹکس اوپن میں، بھارت کے اَنکیش چودھری نے سونے کا تمغہ جیتا ہے اور بھارت کے ہی سومناتھ چوہان نے، چاندی کا تمغہ جیتا ہے۔ دونوں ایتھلیٹس نے مردوں کے 800 میٹر مقابلے میں یہ تمغے جیتے ہیں۔ اَنکیش نے یہ فاصلہ، ایک منٹ اور 50 اعشاریہ چھ تین سیکنڈ میں طے کیا، جبکہ سومناتھ نے یہ فاصلہ، ایک منٹ اور 50 اعشاریہ آٹھ-آٹھ سیکنڈ میں طے کیا۔ فلپنس کے حُسین لورانا نے کانسے کا تمغہ حاصل کیا ہے۔

اِس سے پہلے، بھارت کی نیانا جیمز نے خواتین کی لمبی چھلانگ میں سونے کا تمغہ جیتا۔ انہوں نے چھ اعشاریہ چار تین میٹر کی، بہترین چھلانگ لگا کر یہ کامیابی حاصل کی۔ جاپان کی سُمیرے ہاتا نے چاندی کا، جبکہ جنوبی کوریا کی Yu Jeongmi نے کانسے کا تمغہ حاصل کیا ہے۔x

## FIH PRO Hockey League

ہاکی میں، FIH Pro ہاکی لیگ کے لندن مرحلے میں آج بھارتی مرد و خواتین ٹیموں کا مقابلہ برطانیہ سے ہوگا۔ کل عالمی چمپئن جرمنی کے خلاف تین-صفر کی شاندار جیت کے مدنظر بھارتی مردوں کی ٹیم ٹورنامنٹ میں ایک اور جیت کی متمنی ہے۔ حالانکہ خواتین ٹیم کو اپنے پہلے میچ میں جرمنی کے ہاتھوں تین- صفر کی شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ 13 میچوں میں 24 پوائنٹس کے ساتھ مردوں کی ہاکی ٹیم پوائنٹس کی فہرست میں تیسرے مقام پر ہے جبکہ خواتین کی ٹیم 13 میچوں میں محض 8 پوائنٹس کے ساتھ آٹھویں مقام پر ہے۔x

## T-20 World Cup

امریکہ اور ویسٹ انڈیز کی میزبانی میں ہونے والا ICC ٹی-ٹوینٹی کرکٹ ورلڈ کپ امریکہ میں شروع ہوگیا ہے۔ امریکہ نے آج Dallas میں کھیلے گئے پہلے میچ میں کناڈا کو سات وکٹ سے ہرادیا۔ امریکہ نے ٹاس جیت کر کناڈا سے بلے بازی کرنے کو کہا اور کناڈا نے مقررہ 20 اوورس میں پانچ وکٹ پر 194 رن بنائے۔ امریکہ نے 195 رن کا جیت کا نشانہ تین وکٹ کھو کر حاصل کرلیا، جبکہ دو اوورس کا کھیل باقی تھا۔×

## Boxing Olympic Qualification

مکے بازی میں، بھارتی مکے بازوں Jasmine Lamboria اور Amit Pangal نے پیرس اولمپک مقابلوں میں جگہ بنا لی ہے۔ انھوں نے آج عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔

Amit نے، مردوں کے 51 کلو گرام کے زمرے میں، کوارٹر فائنل میں، چین کے Liu Chuang پر پانچ-صفر سے فتح حاصل کی، جبکہ Jasmine نے خواتین کے 57 کلو کے زمرے میں، Mali کی Marine Camara کو، کوارٹر فائنل میں پانچ-صفر سے آسانی کے ساتھ شکست دے دی۔

ابھی تک، Amit Pangal اور Jasmine کے علاوہ چار دیگر بھارتی مکے بازوں نے بھی پیرس اولمپکس میں جگہ بنائی ہے۔ اِن میں نشانت دیب، نکہت زریں، پریتی پوار اور لولینا بورگوہین شامل ہیں۔ بورگوہین نے، ٹوکیو اولمپکس میں کانسے کا تمغہ جیتا تھا۔

ایک اور بھارتی مکے باز سچن Sivach، آئندہ اولمپک مقابلوں کے لیے کامیاب نہیں ہوسکے۔ وہ آج مردوں کے 57 کلو کے زمرے میں، کرغستان کے مکے باز Munarbek Seiitbek Uulu سے ہار گئے۔×

☆☆☆☆☆☆☆